2/17

1205E232

Candidate's Seat No :__________

MA Sem.-3 Examination

503

Urdu

May 2022

Time : 2-00 Hours] [Max. Marks : 50

ہدایت : یہ سوالیہ پرچہ دو حصوں پر مشتمل ہے۔ حصہ اوّل میں کل آٹھ سوالات ہیں جن میں سے کسی بھی تین کے جوابات لکھنا ضروری ہے۔ حصہ دوم میں کل سولہ (۱۶) سوالات ہیں جن میں سے کسی بھی آٹھ (۸) کے جوابات لازمی ہیں۔ سوال نامے میں درج نمبر ہی جوابی پرچے پر تحریر کریں

(حصہ اوّل)

سوال : ۱ مرزا فرحت اللہ بیگ کی خاکہ نگاری پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔ ۱۴

سوال : ۲ اُردو میں خاکہ نگاری کی ابتداء اور ارتقاء پر تفصیلی روشنی ڈالئے۔ ۱۴

سوال : ۳ خاکہ نگاری کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے فن پر سیر حاصل بحث کیجئے۔ ۱۴

سوال : ۴ رشید احمد صدیقی کی خاکہ نگاری کا تفصیلی جائزہ لیجئے۔ ۱۴

سوال : ۵ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر لکھئے۔ ۱۴

(۱) ناول اور خاکہ نگاری میں ہم آہنگی

(۲) خاکہ نگاری اور خطوط نگاری میں ہم آہنگی

سوال : ۶ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر لکھئے۔ ۱۴

(۱) عصمت چغتائی کی خاکہ نگاری

(۲) مولوی نذیر احمد کی کہانی کا تجزیہ

سوال : ۷ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پر لکھئے۔ ۱۴

(۱) سعادت حسن منٹو کی خاکہ نگاری

(۲) مجتبیٰ حسین کی خاکہ نگاری

سوال : ۸ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پر لکھئے۔ ۱۴

(۱) مولوی عبدالحق کی خاکہ نگاری

(۲) شوکت تھانوی کی خاکہ نگاری

(P.T.O)

E 232-2

(حصہ دوم)

سوال ۹: مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی آٹھ (۸) معروضی سوالات کے جوابات لکھئے۔ ۸

(۱) "مولوی نذیر احمد کی کہانی کچھ ان کی کچھ میری زبانی" کس سن میں منظرِ عام پر آئی؟

(۲) اردو کے کس ادیب نے خاکے لکھنے کی پہلی شعوری کوشش کی؟

(۳) عصمت چغتائی کا خاکہ "دوزخی" کس شخصیت پر تحریر کیا گیا ہے؟

(۴) "اردو ادب میں خاکہ نگاری" کس کی تصنیف ہے؟

(۵) "خاکہ کسی شخص کا معروضی مطالعہ ہے۔" یہ کس ادیب کا قول ہے؟

(۶) "وہ صورتیں الٰہی" کے نام سے کس ادیب نے خاکے لکھے ہیں؟

(۷) خاکہ نگاری کو دوسرے کس نام سے جانا جاتا ہے؟

(۸) خاکہ نگاری اُردو کی دوسری کس صنف سے مشابہت رکھتی ہے؟

(۹) خاکہ نگاری کے فن کو "نثر میں غزل کا فن" کس ادیب نے کہا ہے؟

(۱۰) خاکہ نگاری کو کسی شخصیت کا نفسیاتی مطالعہ کس ادیب نے قرار دیا ہے؟

(۱۱) مرزا فرحت اللہ بیگ کے استادِ گرامی کا نام کیا ہے؟

(۱۲) "ہم نفسانِ رفتہ" نام سے کس نے خاکوں کا مجموعہ لکھا؟

(۱۳) "اردو میں خاکہ نگاری" کس کی تصنیف ہے؟

(۱۴) "اردو نثر کا فنی ارتقاء" کتاب کے خالق کون ہیں؟

(۱۵) ناقدین نے خاکہ نگاری کے فن کو دیگر کس نثری اصناف سے مشابہ قرار دیا ہے؟

(۱۶) "گنجے فرشتے" کس ادب کا لکھا ہوا خاکہ ہے؟

---تمام شد---